ڈپٹی رجسٹرار، پی۔آر۔پی،
زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔

**بعنوان: نوٹس برائے نیلامی برسیم (سبز چارہ)**

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے پارس فارم پر **مربع نمبر 27 میں 56 کنال برسیم (سبز چارہ) کا نیلام عام پارس فارم، جھنگ روڈ، فیصل آباد پر مورخہ 07 دسمبر 2020 بروز سوموار بوقت 10:00 بجے صبح کیا جائے گا۔**

**بولی میں شرکت کے خواہشمند افراد درج ذیل شرائط وضوابط کے تحت نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں:۔**

1۔ بولی سے قبل شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرنا لازم ہوگا۔

2۔ بولی سے قبل مبلغ -/20,000 روپے بطورِ زرضمانت (قابلِ واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہونگے۔

3۔ کامیاب بولی دھندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر/مجاز اتھارٹی کی منظوری کی اطلاع کے بعد وصول کی جائے گی۔ آفیسر/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد تمام واجبات و ٹیکس وصولی کے بعد نیلام کی گئی فصل لے جانے کی اجازت ہوگی۔

4۔ کامیاب بولی دھندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 20% گورنمنٹ انکم ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دھندہ بولی شدہ فصل کاٹ کرلے جانے کا پابند ہوگا۔ نیلام کی گئی فصل میں جانور لا کر چرانے سختی سے منع ہیں۔ اور برسیم کی فصل والا رقبہ اپریل کے آخری ہفتہ تک خالی کرنا ہوگا

6۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے اور تمام بولی دہندگان کے لیے کرونا وائرس کے متعلق احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہونا انتہائی ضروری ہے

**نوٹ: مذکورہ بالا مقرر کی گئی تاریخ نیلامی میں نیلامی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں اگلی نیلامی مورخہ 14.12.2020 بوقت 10 بجے صبح کی جائے گی۔**

**برائے مہربانی مندرجہ بالا نوٹس کیمپس نیوز میں مشتہر کردیں۔**

**ڈاکٹر عمران خان، سپرنٹنڈنٹ فارم، پارس فارم**
**ڈائریکٹوریٹ آف فارمز جامعہ زرعیہ، فیصل آباد۔**
**فون نمبر: 041-9201203**

**کاپی برائے اطلاع و مناسب کارروائی:۔**

1۔ لینڈ یوٹیلائزیشن آفیسر/ممبر آکشن کمیٹی

2۔ اسرار احمد باجوہ، ایڈمن آفیسر (پری آڈٹ)/ممبر آکشن کمیٹی۔

3۔ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ انوینٹری کنٹرول (DPIC) سے درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نوٹس نیلامی PPRA ویب سائٹ پر advertise کروادیں۔

4۔ ڈائریکٹر آئی۔ٹی (I.T)، درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نیلامی نوٹس یونیورسٹی ویب سائٹ پر مشتہر کروادیں۔

5۔ پی۔اے ٹو ڈائریکٹر فارمز، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔